This question paper consists of 26 questions [ Section–A (15) + Section–B (5+6) ] and 9 printed pages.

اس سوالنامے میں کل 26 سوالات [ حصہ (الف) میں (15) + حصہ (ب) میں (5+6) ] اور 9 چھپے اوراق ہیں۔

Roll No. | | | | | | | | | | | | | Code No. **50/SS/A/U**

Set **A**

# URDU

# (اردو)

**(306)**

Day and Date of Examination ..............................................................

Signature of Invigilators 1. ..........................................................

2. ..........................................................

---

***General Instructions :***

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the question paper.
2. Please check the question paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the answer-book or writing roll number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper Code No. 50/SS/A/U, Set **A** on the answer-book.

ہدایات :

-1 طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

-2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

-3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

-4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **A** 50/SS/A/U, Set لکھئے۔



www.cbseportal.com
Download From: http://cbseportal.com

## URDU

## (اردو)

**(306)**

Maximum Marks : 100 | Time : 3 Hours

کُل مارکس : 100 | وقت : 3 گھنٹے

*Note* : (i) This Question Paper consists of *two* Sections, viz., 'A' and 'B'.

(ii) *All* questions from Section—A are to be attempted.

(iii) Section—B has two options. Candidates are required to attempt questions from *one option* only.

نوٹ : (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری ( Option ) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

www.cbseportal.com

### SECTION—A

### حصہ (الف)

1۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 6

میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لیے مایا نے کوزے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنوئیں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا۔ اس طرح مکھن کے جمع کرنے کی کوئی خاص وجہ تھی۔ ایسی بات عموماً مایا کے کسی عزیز کی آمد کا پتا دیتی تھی۔ ہاں! اب مجھے یاد آیا۔ دو دن کے بعد مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لیے آنے والا تھا۔ یوں تو اکثر بہنیں اپنے بھائیوں کے ہاں جاکر انہیں راکھی باندھتی ہیں، مگر مایا کا بھائی اپنی بہن اور بھانجے سے ملنے کے لیے



Download From: http://cbseportal.com

خود ہی آجایا کرتا تھا اور راکھی بندھوا لیا کرتا تھا۔ راکھی بندھوا کر وہ اپنی بیوہ بہن کو یہی یقین دلاتا تھا کہ اگرچہ اس کا سہاگ لٹ گیا ہے مگر جب تک اس کا بھائی زندہ ہے ، اس کی رکھشا ، اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لیتا ہے۔ ننھے بھولے نے میرے اس خیال کی تصدیق کر دی۔ گنا چوستے ہوئے اس نے کہا :

" بابا! پرسوں ماموں جی آئیں گے نا؟"

سوالات

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ سبق کے مصنف کا نام لکھئے۔

(b) مایا کی کس حرکت سے اس کے کسی عزیز کی آمد کا پتا چل رہا تھا؟

(c) مایا کا بھائی راکھی بندھوا کر بہن کو کیا یقین دلوانا چاہتا تھا؟

**[ یا ]**

چیں چیں چیں۔ ابا مجھ کو گھوڑا منگا دو ، ابا میں بھی ٹب میں نہاؤں گی۔ ابا مجھ کو بھی ایسے رنگ برنگ کے کپڑے لا دو۔ چڑے نے چڑیا سے کہا : " لے سن ، دیکھا مزا کوٹھی میں گھر بنانے کا؟ اب لا اپنی لاڈلی کے واسطے گھوڑا ، ٹب منگا ، کپڑے بنا۔" چڑیا نے کہا : " دیکھو پھر وہی لڑائی کی باتیں نکالیں ، ایک کی تو تمہاری اس کِلکِل سے جان گئی ، یہ نگوڑی بچی ہے ، تم اس کو بھی نہیں دیکھ سکتے؟ بچہ ہے کہنے دو۔ یہ کیا جانے ہم غریب ہیں اور یہ چیزیں نہیں لا سکتے۔ بڑی ہوگی تو آپ سمجھ لے گی کہ چڑیوں کو آدمی کی ریس سے کیا سروکار؟" مِس چڑیا نے ماں کی بات سن کر کہا : " واہ بی اماں واہ! تم غریب تھیں ، تم چڑیا تھیں تو امیر کی کوٹھی میں آکر کیوں رہی تھیں؟ گاؤں کے چھپر میں گھر بنایا ہوتا۔ میں ہرگز نہ مانوں گی اور



Download From: http://cbseportal.com

میم صاحبہ کے بچے کی سی سب چیزیں منگوا کر رہوں گی۔ نہ لاؤ گے تو لو میں گرتی ہوئی اور مرتی ہوں ، زندہ نہ رہوں گی نہ تم پر میرا بوجھ ہوگا۔"

سوالات

(a) اس سبق کا کیا نام ہے جس سے یہ اقتباس لیا گیا ہے؟ مصنف کا نام بتایئے۔

(b) اس سبق کے ذریعہ مصنف کیا نصیحت کرنا چاہتا ہے؟

(c) مِس چڑیا نے ماں کی بات سن کر کیا کہا؟

2۔ داستاں 'حقِ وفاداری' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

یا

اپنی کتاب کے سبق ' پوس کی رات ' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں کیجئے۔

3۔ سرسید احمد خاں یا کنہیا لال کپور کے طرزِ تحریر پر مفصل نوٹ لکھیے۔ 4

4۔ (a) ناول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس پر مختصر نوٹ لکھیے۔ کسی مشہور ناول نگار کا نام لکھیے۔ 4

یا

(b) سوانح نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس پر مختصر نوٹ لکھیے۔ کسی سوانح نگار کا نام لکھیے۔

5۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : 2×5=10

(a) کبری کے لیے رشتے نہ آنے کی کیا وجہ تھی؟

(b) مکتوب نگاری سے کیا مراد ہے؟ غالب کے خطوط کی کیا خصوصیات ہیں؟



Download From: http://cbseportal.com

(c) ڈرامہ ' دروازے کھول دو' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(d) سبق ' چچا چھکن نے تیمارداری کی ' کے مصنف کا نام لکھ کر اس پر نوٹ لکھئے۔

(e) ' امید کی خوشی ' میں سرسید احمد خاں کیا کہنا چاہتے ہیں؟

**6.** ذیل میں دیئے گئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 5

ٹھنڈی سانس لینا۔ تھالی کا بیگن ہونا۔ چھکے چھوٹ جانا۔ تن بدن میں آگ لگنا۔ گُل ہو جانا۔

**7.** ذیل میں دیئے گئے الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 5

شفق۔ منحنی۔ ناداری۔ جرأت۔ حکیمانہ۔

**8.** درج ذیل عنوانات میں سے کسی <u>ایک</u> پر 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے : 10

(a) تعلیمِ نسواں

(b) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

(c) بڑھتی ہوئی آلودگی

(d) میرا حسین خواب



www.cbseportal.com
Download From: http://cbseportal.com

9۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 6

نگاہیں ہمالہ کی اونچی رہیں
سدا چاند تاروں کی چھوتی رہیں
رہے پاک گنگوتری کی پھبن
مچلتی رہے زلفِ گنگ و جمن

یا

موم کی طرح جلتے رہے ہم شہیدوں کے تن
رات بھر جھلملاتی رہی شمع صبح وطن
رات بھر جگمگاتا رہا چاند تاروں کا بن
تشنگی تھی مگر
تشنگی میں بھی سرشار تھے

10۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی بتائیے : 3×2=6

(a) وہ جو لطف مجھ پہ تھے پیشتر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو



www.cbseportal.com

Download From: http://cbseportal.com

(b) ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا

کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

(c) یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے

ہم اور بلبلِ بیتاب گفتگو کرتے

**11**۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 2×5=10

(a) حسنِ تعلیل کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔

(b) مبالغہ کی تعریف لکھئے۔ مثال بھی دیجیے۔

(c) معاملہ بندی کسے کہتے ہیں؟

(d) غالب کے اندازِ بیان پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(e) شعر پورا کیجئے :

پھر اپنا بچپن آنکھوں میں گھوم گیا

.............................................

**12**۔ نظم کی تعریف لکھئے اور نظم کی دوسری اصناف کے نام بتایئے۔ 3

**13**۔ مثنوی کسے کہتے ہیں؟ مثنوی کے دو مشہور شعرا کے نام اور دو مشہور مثنویوں کے نام لکھئے۔ 3



Download From: http://cbseportal.com

14۔ قطعہ کسے کہتے ہیں؟ قطعہ کی کیا اہمیت ہے؟ اپنی پسند کا ایک قطعہ لکھئے۔ 5

15۔ رباعی کی تعریف لکھئے اور دو مشہور رباعی گوشعرا کے نام لکھئے۔ 4

**SECTION—B**

حصہ ( ب )

OPTION—I

اختیاری — I

**( دفتری اردو اور پرنٹ میڈیا )**

16۔ درج ذیل سوالوں کے جواب ایک لفظ میں دیجئے : 1×4=4

(a) دفتری نوٹ کون لکھتا ہے؟

(b) شکایت کرنے والے کا پتہ کہاں لکھنا چاہئے؟

(c) کسی علاقے کی گندگی کی شکایت کس سے کی جاتی ہے؟

(d) ایک فرم دوسری فرم سے سامان منگوانے کے لیے کس قسم کا خط لکھتی ہے؟

17۔ آپ کے گھر کا ٹیلی فون کافی دنوں سے خراب ہے۔ اس کی شکایت کے لیے ایک شکایتی خط لکھئے۔ 4

18۔ صحافت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی افادیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔ 3

19۔ اداریہ کسے کہتے ہیں؟ اسے کون لکھتا ہے؟ 2

20۔ ایک اچھی رپورٹ میں کیا کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟ 2



www.cbseportal.com
Download From: http://cbseportal.com

OPTION—II

اختیاری—II

**(پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا میں اردو کا استعمال)**

16۔ درج ذیل سوالوں کے جواب ایک لفظ میں دیجیے : 1×4=4

(a) ہلکے پھلکے انداز میں لکھے جانے والے مختصر مضمون کو کیا کہتے ہیں؟

(b) اخبار کی آمدنی کا اہم ذریعہ کیا ہے؟

(c) پرنٹ میڈیا کی ایک مثال دیجیے۔

(d) الیکٹرانک میڈیا کی ایک مثال دیجیے۔

17۔ تاج محل چائے کے لیے 30 الفاظ پر مشتمل ایک اشتہار تیار کیجیے۔ 3

18۔ الیکٹرانک میڈیا میں اردو زبان کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 2

19۔ خبریں جمع کرنے میں 'ک' سے شروع ہونے والے کم سے کم چار سوال لکھیے۔ 2

20۔ خبریں جمع کرنے کے ذرائع اور طریقوں پر نوٹ لکھیے۔ 2

21۔ فلم ایک مقبول الیکٹرانک میڈیا ہے۔ اس پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 2

***



Download From: http://cbseportal.com